**متعلقہ خدمات کا اختیار نامہ**
سوالات اور جوابات

**متعلقہ خدمات کا اختیار نامہ (RSA) کیا ہے؟**
آپکے بچے کے لیے منسلکہ فارم پر درج متعلقہ خدمات تفویض کی گئی ہیں۔ اس فارم کو موصول کرنے کا مطلب ہے کہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (محکمئہ) کے پاس اس وقت یہ خدمت فراہم کرنے کے لیے فی الحال عملہ دستیاب نہیں ہے۔ RSA یہ خدمت آپکی پسند کے ایک خودمختار فراہم کنندہ سے آپکو بغیر کسی لاگت کے حاصل کرنے کا موقع دیتا ہے۔

**میں ایک خودمختار فراہم کنندہ کو کس طرح تلاش کرسکتا ہوں؟**

ایک فراہم کنندہ کو تلاش کرنے میں آپکی مدد کے لیے، ہم نے اسکول کی عمر کے طلبا کے لیے **متعلقہ خدمات کے خودمختار فراہم کنندگان** کی ایک میونسپلٹی فہرست منسلک کی ہے یا آپ محکمے کی ویب سائٹ سے بھی رجوع کرسکتے ہیں:

https://www.schools.nyc.gov/learning/special-education/supports-and-services/related-services/finding-an-independent-provider

آپ اس **فہرست** پر کسی بھی فراہم کنندہ کو استعمال کرسکتے ہیں یا آپ اپنا فراہم کنندہ تلاش کرسکتے ہیں۔ براہِ کرم یاد رکھیں کہ فراہم کنندہ کے پاس ذیل کی سندیں ہونا لازمی ہیں:

- مجوزہ متعلقہ خدمات فراہم کرنے کے لیے فراہم کنندہ کا نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم کی جانب سے مستقل لائسنس یافتہ یا تصدیق یافتہ ہونا لازمی ہے اور انکے پاس حالیہ رجسٹریشن ہونی چاہیئے۔
- فراہم کنندہ کے لیے قائم کردہ دولسانی مہارت کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے، جہاں قابلِ اطلاق ہو۔

**مختلف مضامینی شعبوں میں ایک خودمختار فراہم کنندہ بننے کے لیے کیا سندیں لازمی ہیں؟**

- مشاورت کی خدمات کو ایک نیویارک ریاست کے لائسنس یافتہ ماہرِ نفسیات، کلینکل سماجی کارکن، یا ذہنی صحت صلاح کار کے ذریعے فراہم کیا جانا لازمی ہے۔ دولسانی صلاح کاری کو صرف ایسے فرد کے ذریعے فراہم کیا جاسکتا ہے جو مذکورہ بالا مطلوبات کی تکمیل کرتا ہو اور جس کے پاس موزوں دولسانی مہارت کے مطلوبات ہوں۔
- **ذہنی جسمانی ورزش سے علاج** (آکوپیشنل تھیراپی) کا ایک نیویارک ریاست کا لائسنس یافتہ آکوپیشنل تھیراپسٹ کے ذریعے فراہم کیا جانا لازمی ہے۔
- **جسمانی ورزش سے علاج** (فزیکل تھیراپی) کا ایک نیویارک ریاست کا لائسنس یافتہ فزیکل تھیراپسٹ کے ذریعے فراہم کیا جانا لازمی ہے۔
- **گویائی معالجہ خدمات** کا ایک نیویارک ریاست سے لائسنس یافتہ گویائی / زبان پیتھالوجسٹ کے ذریعے فراہم کیا جانا لازمی ہے، جو ایک گویائی اور زبان کی معذوری کا تصدیق یافتہ استاد یا گویائی اور سماعتی معذوری کا استاد بھی ہو۔ دولسانی گویائی علاج کو صرف ایسے فرد کے ذریعے فراہم کیا جاسکتا ہے جو مذکورہ بالا مطلوبات کی تکمیل کرتا ہو اور جس کے پاس موزوں دولسانی مہارت کے مطلوبات ہوں۔
- **بصری تعلیم کی خدمات** کو ایک نیویارک ریاست کے تصدیق یافتہ استاد برائے نابینا اور جزوی بینائی کے حامل یا استاد برائے نابینا اور بصری نقائص کے حامل یا سمت بندی / حرکت پذیری کے ماہر کے ذریعے فراہم کیا جانا چاہیئے۔ دولسانی بصری تعلیم کی خدمات کو صرف ایسے فرد کے ذریعے فراہم کیا جاسکتا ہے جو مذکورہ بالا مطلوبات کی تکمیل کرتا ہو اور جس کے پاس موزوں دولسانی مہارت کے مطلوبات ہوں۔
- **سماعتی تعلیمی خدمات** کو صرف ایک نیویارک ریاست کے تصدیق شدہ استاد برائے بہرے اور سماعتی معذور، استاد برائے بہرے اور کم سننے کے حامل، یا ایک مناسب تربیت یافتہ، لائسنس یافتہ یا تصدیق شدہ اشاروں کی زبان کا ترجمان کے ذریعے فراہم کیے جانا لازمی ہے۔ دولسانی سماعتی تعلیم کی خدمات کو صرف ایسے فرد کے ذریعے فراہم کیا جاسکتا ہے جو مذکورہ بالا مطلوبات کی تکمیل کرتا ہو اور جس کے پاس موزوں دولسانی مہارت کے مطلوبات ہوں۔

- **ایک رجسٹرڈ نرس کے ذریعے صحت سے متعلقہ خدمات** کو صرف ایک نیویارک ریاست کے لائسنس یافتہ یا تصدیق شدہ رجسٹرڈ نرس کے ذریعے فراہم کیا جاسکتا ہے جو کارڈیو پلمنری ریسکسیٹیشن اور ساتھ ہی آٹومیٹڈ ایکسٹرنل ڈی فیبریلیریشن (CPR/AED) میں موجودہ سرٹیفیکیشن رکھتے ہوں۔ **ہیلتھ ایڈ کے ذریعے صحت سے متعلقہ خدمات** کا ایک مناسب تربیت یافتہ، لائسنس یافتہ یا سرٹیفائڈ ہیلتھ ایڈ کے ذریعے فراہم کیے جانا لازمی ہے۔

براہِ کرم توجہ کریں: کوئی بھی فرد جو محکمے (بجز اسکے کہ انہیں نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے تھیراپسٹ کی میونسپلٹی فہرست پر ہونے کے لیے منظور کیا گیا ہو) یا کسی دیگر شہری ایجنسی کا موجودہ ملازم ہے اس معاہدے کے تحت خدمات فراہم نہیں کرسکتا ماسوا چند صورتوں میں جب نیویارک شہر مفادات کا تصادم بورڈ کی جانب سے ایک بازنامہ کی محکمہ کی جانب سے درخواست کرنے پر اجازت دی گئی ہو۔ ادارے محکمے کے ملازمین، بشمول NYCDOE کی تھیراپسٹ کی میونسپلٹی فہرست پر افراد کو بطور فراہم کنندہ ملازم نہیں رکھ سکتے۔ کوئی بھی فرد جو محکمے کی ملازمت کو چھوڑ دیتا ہے اس معاہدے کے تحت محکمے کو چھوڑنے کے بعد مکمل ایک سال کے لیے خدمات فراہم نہیں کرسکتا (یا تو بطور ایک انفرادی فراہم کنندہ کے یا ادارے کے ساتھ بطور ایک ملازم / ٹھیکیدار کے)۔ اگر اس فرد نے "F" حیثیت کا کام کیا ہے، اس فرد کو بطور محکمے کے ایک ملازم تصور کیا جائے گا اور انہیں"F" حیثیت کا کام مکمل کرنے کے بعد پورے ایک سال انتظار کرنا ہوگا اس سے پہلے کہ وہ اس معاہدے کے تحت خدمات فراہم کرسکیں۔ یہ پابندیاں نیویارک شہر کے چارٹر کے چیپٹر 68 میں موجود ہیں۔ اسکے علاوہ، فراہم کنندہ وہ تشخیص کار نہیں ہوسکتا جس نے جانچ مکمل کی تھی بجز اس کے کہ محکمے نے اجازت دی ہو۔

### ایک خودمختار فراہم کنندہ کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟

ایک خودمختار فراہم کنندہ کو ذیل سے متفق ہونا لازمی ہے:

- طالب علم کو موجودہ تعلیمی سال کے لیے IEP کے مطابق تعدد، دورانیہ اور زبان میں خدمات فراہم کرے۔ گروپ کا سائز ہر طالب علم کے IEP میں درج گروپ سائز سے تجاوز نہیں کرسکتا۔
- محکمے کے مربوط آواز کے ردِعمل کا نظام (انٹیگریٹڈ وائس رسپونس (IVR) میں خدمت فراہم کرنے والے فرد کے نام اور منظوری کے خط پر دیے گئے اس طالب علم کے PIN نمبر کے ساتھ کال کر کے خدمت کے آغاز کی تاریخ کی نشاندہی کرے۔
- ہفتہ وار پیش رفت کے نوٹس رکھے، درخواست کرنے پر طالب علم کی پیش رفت کی رپورٹ جمع کروائیں، IEP کانفرنس میں شرکت کریں اور محکمے کو بغیر کسی لاگت کے IEP کے مناسب صفحات مکمل کریں۔
- محکمے کے اسکول کیلنڈر کے مطابق خدمات فراہم کریں۔
- تلافی سیشن صرف اسی ہفتے کے دوران فراہم کریں۔ تلاقی کے سیشن اسی دن نہیں ہوسکتے جس دن باقاعدہ سیشن ہوں۔
- ان خدمات کے لیے بطور مکمل ادائیگی منظور کردہ زیادہ سے زیادہ نرخ سے زیادہ قبول نہ کریں۔ طلب کی گئی رقم کا نرخ آپ کے عام طور پر لیے جانے والے سب سے کم نرخ سے زیادہ نہیں ہونا چاہئیے۔ یہ نرخ صرف براہ راست خدمات کے لیے ہے اور یہ نرخ خدمات فراہم کیے جانے والے گروپ کے سائز سے قطع نظر ہے ماسوائے گویائی کے شعبے میں جو ایک سیشن میں خدمات فراہم کیے جانے والے طلبا کی تعداد پر منحصر ہے جیسا کہ نرخ کے شیڈول میں بیان کیا گیا ہے۔ گروپ کا سائز ہر طالب علم کے IEP میں مخصوص گروپ سائز سے تجاوز نہیں کرسکتا۔ فراہم کنندگان والدین / سرپرست سے فراہم کردہ خدمات کی ادائیگی کا مطالبہ نہیں کریں گے۔
- بِل (انوائس) براہِ راست نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کو مطلوبہ وضع میں والدین / سرپرست کے لیے جیب سے ہونے والے اخراجات کے بغیر جمع کروائیں۔
- اپنا پیشہ ورانہ بے ضابطگی / ذمہ داری کا بیمہ رکھیں۔
- نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کی حاضری کے کتابچے میں روزانہ کی حاضری کا ریکارڈ رکھیں اور محکمے کو بغیر اضافی لاگت کے نیویارک ریاست محکمہ برائے سماجی خدمات یا دیگر اداروں کی جانب سے گزارش کردہ اعداد و شمار / معلومات جمع کرنے میں حصہ لیں۔
- فراہم کنندگان کو محکمے کے عملے کو تحائف دینے کی ممانعت ہے۔

## خودمختار غیر محکمئہ تعلیم فراہم کنندگان کے لیے نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے اجازت کردہ زیادہ سے زیادہ نرخ کیا ہیں؟

| متعلقہ خدمات کی نوعیت | زبان | گروپ کا سائز | زیادہ سے زیادہ نرخ | سیشن کا دورانیہ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| مشاورت:<br>لائسنس یافتہ ماہرِ نفسیات | یک لسانی / دولسانی | انفرادی / گروپ | $45 | 30 منٹ |
| مشاورت:<br>دماغی صحت مشیر | یک لسانی / دولسانی | انفرادی / گروپ | $45 | 30 منٹ |
| مشاورت:<br>لائسنس یافتہ کلینکل سماجی کارکن | یک لسانی / دولسانی | انفرادی / گروپ | $40 | 30 منٹ |
| | | | | |
| صحت: رجسٹرڈ نرس | یک لسانی | انفرادی / گروپ | $45 | 30 منٹ |
| صحت: ہیلتھ<br>ایڈ | یک لسانی | انفرادی / گروپ | $20 | 60 منٹ |
| | | | | |
| سماعتی تعلیمی خدمات | یک لسانی / دولسانی | انفرادی / گروپ | $45 | 30 منٹ |
| | | | | |
| اشاروں کی زبان کا ترجمان | یک لسانی / دولسانی | انفرادی / گروپ | $30 | 30 منٹ |
| | | | | |
| ذہنی/جسمانی ورزش سے علاج | یک لسانی | انفرادی / گروپ | $45 | 30 منٹ |
| | | | | |
| جسمانی علاج | یک لسانی | انفرادی / گروپ | $45 | 30 منٹ |
| | | | | |
| گویائی علاج | یک لسانی | انفرادی | $45 | 30 منٹ |
| گویائی علاج | یک لسانی | 2 کا گروپ | $56.25 | 30 منٹ |
| گویائی علاج | یک لسانی | 3 کا گروپ | $67.50 | 30 منٹ |
| گویائی علاج | یک لسانی | 4 کا گروپ | $78.75 | 30 منٹ |
| گویائی علاج | یک لسانی | 5 کا یا زیادہ کا گروپ | $90 | 30 منٹ |
| گویائی علاج | دولسانی | انفرادی | $54 | 30 منٹ |
| گویائی علاج | دولسانی | 2 کا گروپ | $67.50 | 30 منٹ |
| گویائی علاج | دولسانی | 3 کا گروپ | $81 | 30 منٹ |
| گویائی علاج | دولسانی | 4 کا گروپ | $94.54 | 30 منٹ |
| گویائی علاج | دولسانی | 5 یا زیادہ کا گروپ | $108 | 30 منٹ |
| | | | | |
| بصری تعلیمی خدمات | یک لسانی / دولسانی | انفرادی / گروپ | $45 | 30 منٹ |
| | | | | |
| سمت بندی / حرکاتی ماہر | یک لسانی / دولسانی | انفرادی / گروپ | $45 | 30 منٹ |

خودمختار فراہم کنندہ کی جانب سے طلب کیے جانے والا نرخ ان طلب کیے جانے والے کم از کم نرخوں سے زائد نہیں ہونے چاہئیں جو وہ عام طور پر لیتے ہیں اور تناسب سے ہونا چاہئیے، جیسا کہ ضروری ہو۔

فراہم کنندہ ان خدمات کے لیے بطور مکمل ادائیگی منظور کردہ زیادہ سے زیادہ نرخ سے زیادہ طلب نہ کریں۔ فراہم کنندہ والدین / سرپرست سے فراہم کردہ خدمات کے لیے ادائیگی کی کوئی درخواست نہیں کرے گا۔

**جب میں ایک فراہم کنندہ منتخب کرلوں تو اسکے بعد مجھے کیا کرنا چاہیئے؟**

آپکو اور منتخب کردہ فراہم کنندہ دونوں کو**RSA-2 فارم** مکمل کرنا لازمی ہے، پھر فارم پر دستخط کریں اور فراہم کنندہ کے لائسنس اور / یا سرٹیفیکٹ کی ایک نقل منسلک کریں۔ اگر انفرادی فراہم کنندہ ایک ادارے کے ساتھ کام کررہا ہے، فراہم کنندہ کو ذیل کے خانوں میں ادارے کی معلومات شامل کرنی چاہییں: **ادارے کا نام (اگر قابلِ اطلاق ہو)، ملازم کا ٹیکس ID نمبر (اگر ادارہ ہو) اور ادارے کا پتہ۔** اگر انفرادی فراہم کنندہ ایک ادارے کے ساتھ کام نہیں کررہا ہے لیکن اسکا اپنا **ٹیکس ID نمبر** ہے، فراہم کنندہ کو یہ خانے بھی مکمل کرنے چاہییں۔ آپکو خودمختار فراہم کنندہ کے لائسنس اور / یا سرٹیفیکٹ کی ایک نقل بھی رکھنی چاہیئے۔ برائے مہربانی آگاہ ہوں کہ صرف RSA-2 فارم پر درج خودمختار فراہم کنندہ ہی آپکے بچے کو خدمات فراہم کرسکتا ہے۔ اگر آپکے بچے کو فراہم کنندہ کے کاروبار کی جگہ پر خدمات فراہم کی جارہی ہیں آپکو یہ یقینی بنانا لازمی ہے کہ صرف آپکا منظور کردہ خود مختار فراہم کنندہ ہی آپکے بچے کو خدمات فراہم کررہا ہے۔ مکمل کردہ **RSA-2 فارم** کو RSA-2 فارم پر درج کردہ دفتر کے پاس جمع کروانا لازمی ہے۔

**میرے RSA-2 فارم جمع کروانے کے بعد، فراہم کنندہ کب خدمات شروع کرسکتا ہے؟**

ایکبار RSA-2 فارم موصول ہوجانے کے بعد، تمام معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔ اگر فارم مکمل ہے اور فراہم کنندہ کو تحفظاتی اجازت نامہ مل گیا ہے اور مناسب لائسنس اور رجسٹریشن اور / یا سرٹیفیکیشن جمع کروادی ہے، آپکے فراہم کنندہ کو اس خدمت کے لیے ایک PIN نمبر کے ساتھ ایک منظوری کا خط ملے گا۔ اگر ہم آپکو اس منظوری سے مطلع کرنے میں ناکام رہیں، فراہم کنندہ کو خدمت شروع کرنے کا اختیار ہے اور محکمے کی جانب سے ادائیگی یقینی ہے اگر اس فرد کے پاس مناسب لائسنس اور / یا سرٹیفیکیشن ہے اور کوئی مفادات کا تصادم نہیں پایا جاتا۔ صرف **RSA-2 فارم** پر منظور کردہ خودمختار فراہم کنندہ خدمات فراہم کرنے کا مجاز ہے۔ اگر خودمختار فراہم کنندہ میں کوئی تبدیلی آتی ہے، ایک نیا **RSA-2 فارم** جمع کروانا لازمی ہے۔ آپ نے جو خودمختار فراہم کنندہ منتخب کیا ہے اسے فنگر پرنٹنگ کے لیے پیش ہونا لازمی ہے، اخراجات فراہم کنندہ برداشت کرے گا، Office of Related and Contractual Services, at 49-51 Chambers Street, Room 600, New York, NY 10007 خودمختار فراہم کنندگان کو خدمات شروع کرنے کی اس وقت تک اجازت نہیں دی جائے گی جب تک کہ تحفظاتی اجازت نامہ نہ مل جائے۔

**متعلقہ خدمات کہاں فراہم کی جاسکتی ہیں؟**

متعلقہ خدمات آپکے بچے کے اسکول میں، آپکے گھر پر یا فراہم کنندہ کی کاروباری جگہ پر فراہم کی جاسکتی ہیں۔

**کیا مجھے میری نقل و حمل ذرائع کی لاگت کی بازادائیگی کی جائے گی اگر میں اپنے بچے کو فراہم کنندہ کی کاروباری جگہ پر لے کر جاوں؟**

جی ہاں، حسبِ ذیل:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | عوامی ذرائع نقل وحمل: | بس اور / یا سب وے پر 2.00$ فی کرایه. |
| 2. | نجی کار: | موجودہ قابلِ قبول نرخ جو IRS کے ذریعے28$. فی میل کے حساب سے قائم ہے۔ |
| 3. | میٹر والی ٹیکسی کیب: | میٹر والی ٹیکسی کیب نرخ اور مناسب ٹِپ*۔ |
| 4. | نجی کار خدمت: | والدین اور / یا نجی کار خدمات کو طالبِ علم کے لازمی متعلقہ خدمات تک آنے جانے کی کار خدمت کے لیے بازادائیگی کی جائے گی نجی کار خدمت کے نرخ اور مناسب ٹِپ کو استعمال کرتے ہوئے۔* براہ کرم متوجه ہوں که اگر ایک نجی کار خدمت استعمال کی جاتی ہے، بازادائیگی کا اہل ہونے کے لیے ایک والدین یا بالغ کا طالب علم کے ہمراہ ہونا لازمی ہے۔ |

*ایک آنے جانے کے ٹرپ کے لیے زیادہ سے زیادہ 50$

نقل وحمل سے متعلقہ بازادائیگی کے لیے تمام درخواستیں منسلکه **RSA-3 یا RSA-3A فارم نقل و حمل بازادائیگی کا واؤچر** پر کی جانی لازمی ہیں۔ خودمختار فراہم کنندہ کو آپکو منظور کردہ RSA-2 فارم کی ایک کاپی اور خدمات کا ایک بِل یا خدمات کی تواریخ کے ساتھ ایک بیان فراہم کرنا لازمی ہے، جیسے نقل وحمل فراہم کنندہ کی جانب سے مطلوبہ رسیدوں کے ساتھ **RSA-3** یا **RSA-3A** فارم سے منسلک ہونا چاہیئے۔ تمام صورتوں میں، سب مطلوبہ فارمز پر منظور کردہ اصل اجازت دینے والے دستخطوں کے بغیر کسی بھی ادائیگی پر کارروائی نہیں کی جائے گی۔ آپکو **RSA-3** یا **RSA-3A** فارمز پر دستخط کرنا لازمی ہیں **اصل** تواریخ کے ساتھ جب آپکے بچے کو نقل و حمل فراہم کی گئی تھی۔ **کسی بھی صورت میں آپکو ایک خالی RSA-3 یا RSA-3A فارم پر دستخط نہیں کرنے چاہییں یا نقل و حمل کی ان خدمات کے لیے جو ابھی فراہم نہیں کی گئی ہیں۔**

**فراہم کنندہ کو کس طرح ادائیگی کی جائے گی؟**

جب فراہم کنندہ کو یہ خدمت فراہم کرنے کی تحریری اجازت ملے گی، انہیں ایک PIN نمبر اور ادائیگی کے لیے رہنما خطوط موصول ہونگے۔ **آپکو اپنی جیب سے کوئی ادائیگی نہیں کرنی پڑے گی۔** فراہم کنندہ ان خدمات کے لیے بطور مکمل ادائیگی منظور کردہ زیادہ سے زیادہ نرخ سے زیادہ طلب نہیں کرسکتے۔ فراہم کنندہ والدین / سرپرست سے فراہم کردہ خدمات کے لیے ادائیگی کی کوئی درخواست نہیں کرے گا۔ اگر خدمات آپکے گھر پر یا فراہم کنندہ کے دفتر میں فراہم کی جاتی ہیں آپکو فراہم کنندہ کی رسید پر دستخط کرنا لازمی ہے جو آپ کے بچے کو موصول ہونے والی خدمات کی اصل تواریخ کی نشاندہی کریں۔ آپکو خالی رسیدوں پر دستخط نہیں کرنے چاہییں یا ان سیشنز کے لیے جو ابھی تک فراہم نہیں کیے گئے ہیں۔

**کیا فراہم کنندہ سے IEPs لکھنا یا طالب علم کی پیشرفت کی رپورٹ فراہم کرنا مطلوب ہے؟**
فراہم کنندہ سے محکمہ کی جانب سے اس مقصد کے لیے مخصوص کردہ فارم پر روزانہ حاضری کا ریکارڈ رکھنا، فراہم کردہ خدمات کے ہفتہ وار پیش رفت نوٹس، اور جب اسکول کے عملے یا کمیٹی برائے خاص تعلیم کی جانب سے درخواست کی جائے ایک متعلقہ خدمات طالب علم کی پیش رفت رپورٹ کو مکمل کرنا مطلوب ہے۔ اسکے علاوہ، ایک سالانہ جائزے کی درخواست پر اور / یا جب ایک درخواست کردہ جائزہ ہو، فراہم کنندہ کو IEP کانفرنس میں شرکت کے لیے دستیاب ہونا چاہیئے اور بغیر اضافی لاگت کے IEP کے مناسب صفحات مکمل کرنے چاہییں۔ پیشرفت کی رپورٹ سالانہ جمع کروانی چاہیئے۔

**اگر متعلقہ خدمات نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے عملے کے ذریعے دستیاب ہوجائیں تو کیا ہوگا؟**
اگر یہ خدمت نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے عملے کے ذریعے دستیاب ہوجائے اس سے پہلے کہ آپکا بچہ انہیں ایک خودمختار فراہم کنندہ سے موصول کرنا شروع کرے، محکمہ خدمات فراہم کرے گا۔ اگر، تاہم، آپکا بچہ یہ خدمت ایک خودمختار فراہم کنندہ سے موصول کرنا شروع کردیتا ہے، آپکو تعلیمی سال کے اختتام تک خودمختار فراہم کنندہ کے ساتھ اس خدمت کو جاری رکھنے کا اختیار ہے۔

**میں کس فرد سے مدد کی درخواست کر سکتا ہوں؟**
اگر ان فارمز کو سمجھنے یا ایک خودمختار فراہم کنندہ کو تلاش کرنے میں مدد درکار ہے، براہِ کرم اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔ اگر آپ ایک پبلک اسکول میں شرکت نہیں کرتے، برائے مہربانی اس CSE سے رابطہ کریں جس نے متعلقہ خدمت کی منظوری کا خط جاری کیا تھا۔